## سوال

(389) شادی میں خلاف شرع رسوم کرنے والے کے پیچھے نماز کا حکم

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

سوال : ...کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس بارہ میں کہ ایک لڑکے کے ماں باپ نے گانا سہرہ وغیرہ رسوم بدعت کے ساتھ شادی کی اس کے بعد وہ امام بنایا گیا وہ امامت کے لائق ہے یا نہیں ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

سہرہ گانا، بجانا مروجہ زمانہ ناجائز ہے ممنوع ہے ان امور کا مرتکب بدعتی یا فاسق ہے بشرطیکہ وہ خود بھی ان امور کا مجوز ہو اور اگر اوروں نے کیے اور اس نے ان کو منع کیا مگر وہ نہ مانے تو پھر وہ اس میں داخل نہیں گویا یہ اس کی کمزوری اور برائی ہے اور پھر وہ بھی بعد توبہ صادقہ و صحت عمل قابل امامت ہو سکتا ہے ۔ بحکم حدیث مذکور «اَلتَّائِبُ مِنَ الذَّنْبِ کَمَنْ لَاذَنْبَ لَہٗ» (ابو سعید شرف الدین ناظم مدرسہ سعیدیہ دہلی)

## فتاویٰ علمائے حدیث

## کتاب الصلاۃ جلد 1 ص 221۔222

## محدث فتویٰ